© rasailojaraid.com



عادل یزدانی

# بالآخر طے ہوا ہے

بالآخر طے ہوا ہے
کہ وہ سارا قضیہ جس کا اب تک کوئی مثبت حل نہیں نکلا
اُسے اپنا قضیہ ہی سمجھنا چھوڑ دیتے ہیں
یہ بہتر حل کی جانب
یقیناً ایک بامعنی و بامقصد اور اچھی پیش رفت ہوگی
یہ پس رفتی ہماری
(عوام الناس کی خاطر جسے ہم پیش رفتی ہی کہیں گے)
ہمارے کل کی ضامن ہے
بدلتے دور کے سارے تقاضوں کے مطابق ہے
ہم ایسے زیرک و دانا
خطا پر ہو نہیں سکتے
درست ہوتے ہیں سارے فیصلے اپنے
سو دیرینہ قضیوں کے
ہم ایسے چٹکیوں میں حل نکالیں گے
کہ دنیا ششدر و حیران رہ جائے
ہمیں حاصل ہے امریکی حمایت بھی
سیاست دان جتنے نَیب سے بالغَیب ڈرتے ہیں
ہمارے حاشیہ بردار ہیں سارے
بڑی مضبوط ہے کرسی ہماری
نچا سکتے ہیں پوری قوم کو ہم انگلیوں پہ
سو ہم جو بھی کہیں گے، جو کریں گے
بہر صورت درست ہوگا



© rasailojaraid.com